# ڈائریکٹران کی رپورٹ

کمپنی کے ڈائریکٹران کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے مختتمہ مدت 30 جون 2021 بمع آڈٹ رپورٹ پیش کرتے ہوئے اظہار مسرت کرتے ہیں-

**جائزہ**

سال 2021 میں گزشتہ سال کی طرح کاروباری سرگرمی میں کمی رہی اور کوئی پیداواری یا فروخت کی سرگرمی نہیں ہوئی - زیریں رجحان کی بنیادی وجہ سال 2013 میں کمپنی کے بڑے پلانٹ کے بندش کے نتیجے میں پیداواری مسائل تھے اور روانیت کے مسائل کی وجہ سے کمپنی پلانٹ کی مرمت تسلسل کے ساتھ نہیں کرپائی لیکن مالیاتی اور معاشی صورتحال اُس وقت سے بہتر نہیں ہوئی ہے- سال کے دوران مندرجہ بالا وجوہات کی بناء پر کمپنی کو 18.14 ملین روپے کا خسارہ ہوا ( 2020: میں 87.19 ملین روپے )

کمپنی کی مالیاتی جھلکیوں کا گزشتہ سال کے ساتھ موازنہ درج ذیل ہے:

| تفصیل | 2021 | 2020 |
|---|---|---|
| | روپے | |
| فروخت | - | 12,795,636 |
| لاگت فروخت | - | (16,145,085) |
| خام (خسارہ) | - | (3,349,449) |
| تقسیمی لاگت | - | (1,492,535) |
| انتظامی اخراجات | **(8,215,040)** | (7,775,083) |
| دیگر کاروباری اخراجات | **(11,554,771)** | (74,347,737) |
| مالیاتی اثاثوں پر فرسودگی | - | (35,507) |
| غیر تسلیم شدہ منافع/ (خسارہ) | **7,182** | (2,827) |
| دیگر آمدن | **2,885,638** | 2,408,782 |
| کاروباری خسارہ | **(16,876,991)** | (84,594,355) |
| مالیاتی لاگت | **(1,261,181)** | (636,232) |
| خسارہ قبل از ٹیکس | **(18,138,172)** | (85,230,587) |
| ٹیکس | - | (1,956,524) |
| خسارہ بعد از ٹیکس | **(18,138,172)** | (87,187,111) |

مندرجہ بالا ٹیبل سے ہم کارکردگی کا درج ذیل موازنہ کرسکتے ہیں:

☆ سال مختتمہ 30 جون 2021 کے مالیاتی گوشواروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ (خسارہ) بعد از ٹیکس (18.14) ملین روپے (2020 میں 87.19 ملین روپے) ہو گیا اور اس

تاریخ تک جمع شدہ خسارہ (77.861) ملین روپے ہوگیا (2020 میں 158.81 ملین روپے) - کمپنی کے پیداواری افعال پلانٹ کی بندش سے متاثر ہورہے ہیں جس کے نتیجے میں سال کے دوران بھی مائع آکسیجن کی پیداوار بند رہی جس سے کمپنی کی روانیت کی حالت پر ناموافق اثرات مرتب ہورہے ہیں-

☆ انتظامی اخراجات میں 0.439 ملین روپے کا اضافہ ہوا جس کی بنیادی وجہ پیشہ ورانہ اخراجات تھے جو کہ ٹیکس مشیر کو سابقہ سالوں میں کمپنی کی ٹیکس کٹوتی کی طلب سے متعلق کیس کے دفاع کے لئے ادا کئے گئے تھے- مزید تفصیلات کے لئے برائے مہربانی مالیاتی گوشواروں کے نوٹ نمبر 27 ملاحظہ فرمائیں-

☆ کاروباری اخراجات میں کمی کی وجہ 68.6 ملین روپے کی فرسودگی تھی جسے گزشتہ سال بک کیا گیا تھا-

☆ مالیاتی لاگت میں بینکوں/ مالیاتی اداروں کے واجبات اور اخراجات کی مدت میں حتمی تصفیہ/ ادائیگی شامل تھی-

### اہم معلومات

### بینک کے واجبات

انتظامیہ نے بینکوں/ مالیاتی اداروں کے بقایا واجبات کامیابی سے ادا/ تصفیہ کردیئے ہیں اور بعد ازاں کمپنی کے اثاثوں پر سے قرقی اور چارج ختم ہوگیا ہے- چارج سے خلاصی مکمل ہوگئی ہے اور کمپنی نے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سے وصولی کو تسلیم کرلیا ہے-

### پروویڈنٹ فنڈ اور کے الیکٹرک کو ادائیگی

پروویڈینٹ فنڈ بھی سود کے ساتھ ادا کردیا گیا ہے- اس طرح انتظامیہ نے SECP کی ضروریات کی پاسداری کو یقینی بنایا ہے- اسی طرح کے الیکٹرک کا حد سے زیادہ بل کا معاملہ پر بھی ان کے ساتھ تفصیلی گفت و شنید ہوئی ہے اور جس کے نتیجے میں معاملہ کا نتیجہ کمپنی کے حق میں ہوگیا ہے- انتظامیہ نے طے شدہ رقم ادا کردی ہے-

### اثاثے برائے فروخت کی نوعیت

زمین، بلڈنگ اور پلانٹ و مشینری کی فروخت کا عمل تکمیل میں ہے اور دوسرے فریق نے طے شدہ تاریخ پر واجبات ادا نہیں کئے ہیں اور ابتدائی طے شدہ شرائط پر عمل نہیں کیا ہے- تاہم انتظامیہ ان کے ساتھ گفت و شنید کررہی ہے اور امید ہے کہ طے شدہ شرائط پر کئے گئے فروخت کے سودے پر مستقبل قریب میں عملدرآمد ہوجائے گا-

### سرمایہ کار کے اپنے ارادے پر عمل سے انکار

ہم آپ کو توجہ مبذول کرانا چاہتے ہیں کہ اس سال سے گزشتہ سال ایک سرمایہ کار میسرز فوسل انرجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے انتظامیہ سے رابطہ کیا تھا جنہوں نے دیگر کاروبار کے ساتھ ساتھ کمپنی کی کاروباری سرگرمیوں کی بحالی کے لئے درکار سرمایہ فراہم کرنے کے لئے کمپنی کے کنٹرولنگ شیئرز کے حصول کا ارادہ ظاہر کیا تھا- لیکن سال کے اختتام کے قریب یعنی 16 جون 2021 کو میسرز فوسل انرجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے اپنے ارادہ واپس لے لیا تھا-

انتظامیہ توقع کرتی ہے کہ کوئی دوسرا سرمایہ کار نئے ارادہ کے ساتھ انتظامیہ سے رابطہ کرسکتا ہے جس پر مستقبل قریب میں عملدرآمد ہوجائے گا، جو کہ نہ صرف کمپنی بلکہ حصص یافتگان کے لئے اچھا ہوگا-

### ناموافق آڈٹ رپورٹ

ہم آپ کی توجہ آڈٹ رپورٹ میں دیئے گئے اعتراضی مشاہدات کی طرف دلانا چاہتے ہیں:

آڈیٹرز نے اپنی آزادانہ آڈٹ رپورٹ میں ناموافق رائے کا اظہار کیا ہے اور آڈٹ رپورٹ میں ناموافق رائے کی بنیاد درج ذیل ہیں:

1- مالیاتی گوشواروں کی تیاری میں انتظامیہ کا چلتے ہوئے ادارہ کا مفروضہ مناسب نہیں ہے اور مالیاتی گوشواروں کو خالص قابل تسلیم قدر پر تیار کیا گیا ہے۔

2- انتظامیہ گیس سلنڈرز اور ٹینکس کے گاہکوں کی طویل مدتی جمع شدہ رقومات کی تفصیلات فراہم کرنے سے قاصر رہی اور یہ رقم 45.16 ملین ہے۔

### آڈٹ رپورٹ پر انتظامی کی آراء

بورڈ آف ڈائریکٹرز چلتے ہوئے ادارے سے متعلق آڈیٹرز سے متفق نہیں کیونکہ وہ پر امید ہیں کہ اثاثوں کی فروخت سے کمپنی کے روانیت کے مسائل میں بہتری آئے گی اور ان سے نئے عمومی خرید و فروخت کے نئے کاروبار کے آغاز کے لئے کافی نقدی کے ذخائر دستیاب ہونگے جس میں نئے سرمایہ کار بھی شامل کئے جائیں گے اور ڈائریکٹران نے کمپنی کو مالیاتی تعاون کے ساتھ ساتھ کمپنی کے معاملات پر پیشہ ورانہ مہارت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

مزید یہ کہ جمع شدہ رقومات کئی سالوں قبل یعنی 1980 کے عشرے سے 2012 تک حاصل کئے گئے، کمپنی جمع شدہ رقومات کی تفصیل اس شکل میں اور اس انداز سے فراہم کرنے سے قاصر ہے جس طرح آڈیٹرز درخواست کر رہے ہیں۔

گزشتہ 10 سالوں کے اہم کاروباری اور مالیاتی اعداد و شمار

| سال | فروخت-خالص | خام منافع/(خسارہ) | منافع/خسارہ قبل از ٹیکس | حصص یافتگان کی ایکویٹی | کل رواں اثاثے | کل رواں واجبات | فی حصص آمدن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ------- روپے ملین میں ------- | | | | | | روپے |
| 2011 | 195.44 | 48.80 | 22.27 | 89.34 | 22.01 | 50.04 | 1.75 |
| 2012 | 209.97 | 49.08 | 15.29 | 97.56 | 21.09 | 48.96 | 1.02 |
| 2013 | 238.60 | 57.68 | 21.95 | 111.06 | 25.24 | 38.06 | 1.73 |
| 2014 | 123.79 | (1.90) | (28.63) | 90.16 | 20.99 | 62.49 | (2.83) |
| 2015 | 99.63 | 4.72 | (18.30) | 71.15 | 17.35 | 59.78 | (2.57) |
| 2016 | 94.43 | 5.12 | (17.66) | 58.00 | 17.82 | 63.43 | (2.35) |
| 2017 | 82.70 | 2.24 | (19.14) | 42.35 | 15.43 | 71.26 | (2.14) |
| 2018 | 89.08 | 4.39 | 15.35 | 62.58 | 16.22 | 79.66 | (2.19) |
| 2019 | 51.91 | 0.38 | (19.82) | 37.90 | 10.53 | 85.14 | (1.93) |
| 2020 | 12.80 | (3.35) | (85.23) | 15.22 | 8.93 | 94.14 | (11.62) |
| 2021 | - | - | (18.14) | (2.92) | 9.02 | 93.25 | (2.42) |

### آگے کی جانب

کمپنی کے ڈائریکٹران پر امید ہیں کہ اثاثوں کی فروخت سے کمپنی کے روانیت کے مسائل میں بہتری آئے گی اور ان سے نئے عمومی خرید و فروخت کے نئے کاروبار کے آغاز کے لئے کافی نقدی کے ذخائر دستیاب ہونگے جس میں نئے سرمایہ کار بھی شامل کئے جائیں گے اور ڈائریکٹران نے کمپنی کو مالیاتی تعاون کے ساتھ ساتھ کمپنی کے معاملات پر پیشہ ورانہ مہارت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ انتظامیہ توقع کرتی ہے کہ ایک نیا سرمایہ کار نئے ارادے کے ساتھ رسائی حاصل کرے گا جس پر مستقبل قریب میں عملدرآمد ہو جائے گا۔

### بورڈ آف ڈائریکٹرز

سال کے دوران 29 دسمبر 2020 کو ایک آزاد ڈائریکٹر جناب سراج اے قادر کے استعفیٰ کی وجہ سے ایک اتفاقی آسامی خالی ہوگئی تھی جسے جناب محمد دانش کی تقرری کر کے پر کیا گیا- بورڈ جناب سراج کی خدمات کا اعتراف کرتا ہے اور کئی عشروں تک کمپنی کی ترقی اور نمو میں ان کی کوشش پر ان کا مشکور ہے-

جناب محمد دانش کاروباری افعال کے مختلف پہلوؤں میں عمیق تجربہ کے حامل ہیں- بورڈ جناب محمد دانش کو خوش آمدید کہتا ہے اور توقع کرتا ہے کہ کمپنی کے کاروبار میں ان کی قابل قدر معاونت جاری رہے گی-

### آڈیٹرز

موجودہ آڈیٹرز میسرز ایس ایم سہیل اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس سبکدوش ہو چکے ہیں اور اہلیت کے باعث انہوں نے آنے والے سال کے لئے اپنی دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے-

ادارتی اور مالیاتی رپورٹنگ فریم ورک پر بیان

a کمپنی کی انتظامیہ کے تحت تیار کردہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کے معاملات، اس کے کاروباری نتائج، نقدی کے بہاؤ اور ایکویٹی میں تبدیلیوں کو شفافیت کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔

b کمپنی میں حسابات کی کتابیں مناسب انداز میں تیار کی گئی ہیں۔

c درست حساباتی پالیسیوں کو تسلسل کے ساتھ مالیاتی گوشواروں کی تیاری کے دوران ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے اور حساباتی تخمینوں کی بنیاد معقول اور مضبوط فیصلوں پر ہے۔

d مالیاتی گوشواروں کی تیاری کے دوران عالمی مالیاتی رپورٹنگ معیارات، جو پاکستان میں لاگو ہیں کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے-

e اندرونی گرفت کے نظام کی شکل مضبوط ہے اور موثر انداز میں نافذ العمل ہے اور اس کی نگرانی کی جاتی ہے۔

f آڈیٹرز نے چلتے ہوئے ادارے کے تسلسل پر کمپنی کی صلاحیت پر شبہات کا اظہار کیا ہے جبکہ انتظامیہ محسوس کرتی ہے کہ انتظامیہ کے پاس کافی صلاحیت ہے جس سے مستقبل میں کاروبار جاری رکھا جا سکتا ہے-

g لسٹنگ ریگولیشنز میں دیئے گئے ادارتی نظم وضبط کے بہترین طور طریقوں سے کوئی قابل ذکر انحراف نہیں کیا گیا، سوائے جنہیں ادارتی نظم وضبط کی پاسداری کے بیان میں مطلع کیا گیا ہے-

h گزشتہ دس سالوں کے اہم کاروباری اور مالیاتی اعداد وشمار آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں میں مختصراً شامل کئے گئے ہیں-

سال کے دوران کمپنی نے بلاواسطہ ٹیکسوں کی مدت میں 761,571 روپے کی معاونت کی-

سال کے دوران بورڈ آف ڈائریکٹرز کے پانچ اجلاس ہوئے- ہر ڈائریکٹر کی حاضری درج ذیل رہی:

| ڈائریکٹر کا نام | حاضر اجلاسوں کی تعداد |
|---|---|
| جناب ایم حنیف وائی باوانی | 5 |
| مسز مومیزا حنیف باوانی | 5 |
| جناب ولی محمد ایم یحییٰ | 5 |
| جناب میخائل باوانی | 1 |
| جناب وزیر احمد جوگیزئی | 1 |
| جناب زکریا اے غفار | 5 |
| جناب محمد دانش | 2 |

جوڈائریکٹران حاضر نہ ہوسکے ان کی رخصت منظور کرلی گئی۔

i- حصص داری کی ساخت منسلک ہے، اور

j- نہ تو چیف ایگزیکٹو آفیسر نہ ہی کسی ڈائریکٹر نے کمپنی کے حصص میں کوئی خرید وفروخت کی ہے۔

**اعتراف**

بورڈ ریاستی اداروں، مختلف سرکاری اداروں/شعبوں، مالیاتی اداروں، بینکوں، گاہکوں، سپلائرز اور کمپنی کے سرمایہ کاروں کے تعاون اور اس پر اعتماد کے لئے اپنی ستائش ریکارڈ پر لانا چاہتے ہیں۔ آپ کے ڈائریکٹران کمپنی کے ملازمین کی مخلصانہ اور سرگرم خدمات پر ان کے معترف ہیں۔

ہم اپنے قابل قدر حصص یافتگان کا انتظامیہ کے ساتھ تعاون پر ان کے مشکور ہیں۔

منجانب

جناب حنیف ایچ باوانی
چیف ایگزیکٹو آفیسر

مومیزا حنیف باوانی
ڈائریکٹر

کراچی

مورخہ: 27 اکتوبر 2021